مہر فاطمی 1530.90 گرام چاندی ہے

مہر فاطمی 500 پانچ سو درہم
مہر فاطمی 131.25 تولہ چاندی ہے

حضورؐ کی بیویوں کا جو مہر ہے اس کو لوگ مہر فاطمی کہنے لگے ہیں اکثر روایت میں یہ مہر 500 درہم ہے
اس کے لئے حدیث یہ ہے۔

۔قال سألت عائشة عن صداق رسول الله ﷺ فقالت ثنتا عشرة أوقية و نش فقلت و ما نش ؟ قالت نصف أوقية ۔ (ابوداود شریف، باب الصداق، ص ۳۰۴، نمبر ۲۱۰۵)

ترجمہ: میں نے حضرت عائشہؓ سے حضورؐ کے مہر کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا، بارہ اوقیہ اور آدھا اوقیہ، میں نے کہا یہ، نش، کیا ہے، تو فرمایا کہ آدھے اوقیہ کو، نش، کہتے ہیں
ایک اوقیہ 40 درہم کا ہوتا ہے، اس لئے ساڑھے بارہ اوقیہ کا 500 درہم ہوا

۔خطبنا عمرؓ فقال الا لا تغلوا بصداق النساء فانها لو كانت مكرمة فى الدنيا او تقوى عند الله كان اولاكم بها النبى ﷺ ، ما اصدق رسول الله امراة من نسائه و لا اصدقت امرأة من بناته اكثر من ثنتى عشرة أوقية ۔ (ابوداود شریف، باب الصداق، ص ۳۰۴، نمبر ۲۱۰۶)

www.besturdubooks.net
Scanned by CamScanner

ترجمہ۔ حضرت عمرؓ نے ہمیں خطبہ دیا اور فرمایا، سنو عورتوں کے مہر میں غلومت کیا کرو، اس لئے کہ اگر دنیا میں کوئی عزت کی چیز ہوتی، اور آخرت میں کوئی تقوی کی چیز ہوتی تو حضورؐ اس کے زیادہ حقدار تھے، حالانکہ آپ کی بیویوں، اور آپ کی بیٹیوں میں سے کسی کا مہر بارہ اوقیہ سے زیادہ نہیں رہا۔

اس قول صحابی میں بھی ہے کہ مہر فاطمی پانچ سو درہم کے قریب ہے۔

اوقیہ اور 500 درہم کا حساب یہ ہے

ایک اوقیہ کا	40	درہم ہوتا ہے
ساڑھے بارہ اوقیہ کا	500	درہم ہوگا
ایک درہم کا	0.2625	تولہ ہوتا ہے
ایک درہم کا	3.061	گرام ہوتا ہے

500 درہم کا 1530.90 گرام مہر فاطمی ہوگا

500 درہم کا	131.25	تولہ ہوتا ہے
=	1530.90	گرام ہوتا ہے
=	350	مثقال ہوتا ہے

www.besturdubooks.net

Scanned by CamScanner

دوسری روایت میں مہر فاطمی 400 مثقال ہے
یعنی 571.42 درہم ہے
اس اعتبار سے 1749.60 گرام مہر فاطمی ہوگا

ایک دوسری روایت جو بعض نے نقل کی ہے کہ، حضرت فاطمہ ؓ کا مہر 400 مثقال تھا اس کی عبارت یہ ہے کہ

۔النبی ﷺ قال لعلی ان اللہ عزوجل امرنی ان ازوجک فاطمه علی اربعة مأة مثقال فضه ۔(مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح، کتاب النکاح، باب الصداق، ج ۵ ص ۲۱۰۰)

ں روایت میں ہے کہ حضرت فاطمہ ؓ کا مہر 400 چارسو مثقال تھا اس اعتبار سے مندرجہ ذیل حساب ہوگا۔

ترجمہ۔حضور ؐ نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ، مجھکو اللہ نے حکم دیا ہے کہ میں حضرت فاطمہ ؓ کا نکاح تم سے چارسو مثقال چاندی کے بدلے کراؤں

ایک مثقال میں 1.4285 درہم ہوتا ہے، اس اعتبار سے 400 مثقال کا 571.42 درہم ہوا

اور ایک درہم میں 3.061 گرام ہوتا ہے، اس لئے 571.42 درہم کا 1749.60 گرام ہوا

www.besturdubooks.net

Scanned by CamScanner

400 مثقال کا 1749.60 گرام چاندی ہوا،

اس کا حساب یہ ہے

ایک مثقال میں	1.4285	درہم ہوتا ہے
400 مثقال کا	571.42	درہم ہوا
=	150	تولہ ہوا
=	1749.60	گرام ہوا
ایک درہم	0.7	مثقال کا ہوتا ہے
ایک دینار	1	ایک مثقال کا ہوتا ہے

www.besturdubooks.net

Scanned by CamScanner